Proudly funded by the NSW Government through the NSW Social Cohesion Grants for Local Government.

CBCity سوشل جسٹس چارٹر کا خلاصہ

سوشل جسٹس (سماجی انصاف) سے کیا مراد ہے؟

سوشل جسٹس یا سماجی انصاف سے مراد سب لوگوں کے لیے برابر مواقع ہیں۔ جن لوگوں کے ساتھ ان کی صنف، عمر، معذوری، آمدنی، نسل، تہذیبی پس منظر، مذہب، جنسی/صنفی شناخت اور شہریت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کیا جاتا ہے، وہ غیر منصفانہ برتاؤ کی وجہ سے اکثر محرومیوں کا شکار ہوتے ہیں۔

تعلیم، روزگار، آمدنی، صحت کی سہولیات، معلومات تک رسائی/زبان کی وجہ سے رکاوٹ، زمین کے حقوق، خدمات تک رسائی، سماجی سطح پر امتیازی سلوک، ہاؤسنگ اور غذا کی یقینی فراہمی، تعصّب اور عدم برابری، جمہوری عملوں میں شرکت اور جمے ہوئے معاشرتی رواجوں، رجحانات اور رویّوں جیسے معاملات کی وجہ سے سماجی انصاف کے معاملے کی کئی تہیں ہو سکتی ہیں۔

کسی کمیونٹی میں سب لوگ بالکل ایک جیسے نہیں ہوتے۔ افراد کی حیثیت سے ہماری شناختیں پیچیدہ ہو سکتی ہیں، تہ بہ تہ ہو سکتی ہیں، وقت کے ساتھ بدل سکتی ہیں اور ہمارے ذاتی حالات اور مقام اور کمیونٹی میں ہمارے تجربے سے بھی متاثر ہو سکتی ہیں۔

CBCity کا سوشل جسٹس کے عہد کا بیان

CBCity سوشل جسٹس چارٹر (چارٹر) سے مراد کینٹربری بینکس ٹاؤن کاؤنسل (CBCity) اور اس کی کمیونٹی کا یہ عہد ہے کہ جائز سلوک، سب کو شریک کرنے، انصاف اور اختیار دلانے کو فروغ دیا جائے۔ یہ سب لوگوں کو افہام و تفہیم اور احترام کے ساتھ مل کر کام کرنے، نفرت اور پھوٹ ڈالنے کے خلاف آواز اٹھانے اور مثبت کاموں کی حمایت کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ یہ چارٹر مقامی کاروباروں، تنظیموں اور افراد کو ان کی روزمرّہ زندگی اور سرگرمیوں میں سماجی انصاف روا رکھنے کے لیے رہنمائی دیتا ہے۔

یہ چارٹر ہم سب کو اپنے آس پڑوس، کمیونٹی گروپس، تنظیموں اور کاروباروں میں سماجی انصاف کے اصولوں پر عمل کرنے کے لیے رہنمائی دیتا ہے۔ یہ چارٹر سب لوگوں کو ہمارا ساتھ دینے اور سب کو شریک رکھنے والا مستقبل بنانے کی دعوت دیتا ہے۔ جو افراد، کاروبار، کمیونٹی گروپس اور مقامی تنظیمیں چارٹر پر دستخط کرنا چاہیں، وہ cb.city/SJC پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

اس چارٹر کا مقصد

یہ چارٹر ہمیں سماجی انصاف کو فروغ دینے، عدم برابری کو دور کرنے اور معاشرے کے تمام افراد کے لیے منصفانہ مواقع یقینی بنانے کے لیے رہنمائی دیتا ہے۔ سماجی انصاف ایک بنیادی انسانی حق اور ایک منصفانہ و مساوی معاشرے کی بنیادی اینٹ ہے۔ ہم سماجی انصاف کو فروغ دینے اور اپنی کمیونٹی میں پورے نظام میں پھیلی عدم برابری کو دور کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔

یہ اجتماعی فیصلہ سازی، مختلف نقاط نظر کے احترام اور وابستگی پر زور دیتا ہے۔ 285 سے زیادہ کمیونٹی ممبرز کے ساتھ بات چیت کی روشنی میں اور ہماری کمیونٹی کے تعاون سے لکھے گئے اس چارٹر سے سماجی بے انصافی کو کم کرنے اور پہلے سے بڑھ کر سب کو شریک کرنے کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔

سماجی انصاف کا کلچر بنانے میں CBCity اور مقامی لوگوں کا کردار

CBCity اور مقامی لوگ سماجی انصاف کا پائیدار کلچر بنانے اور اس چارٹر میں بیان کردہ عہد کو پورا کرنے میں برابر اہم اور فعال کردار ادا کرتے ہیں۔

کینٹربری بینکس ٹاؤن میں سبھی لوگ اس چارٹر پر دستخط کر سکتے ہیں۔ ہم سب لوگوں کو سماجی انصاف کا کلچر بنانے میں شریک ہونے کی ترغیب دیتے ہیں۔

چارٹر پر عمل کے سلسلے میں کاؤنسل اور مقامی لوگوں کے کردار مختلف ہیں اور انہیں مختلف قدم اٹھانے ہیں۔ ان کرداروں میں سماجی انصاف کے اصولوں پر عمل کر کے مثال بننا، سماجی تبدیلی کے لیے آواز اٹھانا، مختلف پس منظروں کے لوگوں اور ان کے تجربات سے تعلق بنانا، منصفانہ اور سب کو شامل رکھنے والی خدمات فراہم کرنا، سماجی بے انصافی سے پردہ اٹھانا، محروم کمیونٹیوں کی نمائندگی کرنے اور ایک دوسرے کو سہارا دینے کے لیے مل کر کام کرنا شامل ہو سکتا ہے۔

ہماری کمیونٹی کے لیے سماجی انصاف کا کیا مطلب ہے؟

اس چارٹر کی تشکیل کے سلسلے میں کینٹربری بینکس ٹاؤن کے لوگوں کے ساتھ بات چیت سے ہمیں علم ہوا ہے کہ سماجی انصاف کا مطلب یہ ہے:

- تعلیم ، فیصلوں پر اثرانداز ہونے کے قابل ہونا اور یہ معلوم ہونا کہ مختلف عمل کیسے چلتے ہیں اور اپنی رائے دینے اور شریک ہونے کے مؤثر طریقے کیا ہیں
- اختیار، شرکتِ کار اور اظہارِ رائے کے لیے خود کو محفوظ سمجھنا اور یہ یقینی بنانا کہ لوگوں کے خیالات سنے جاتے ہیں اور ان کی قدر کی جاتی ہے
- ہمارے آپس کے فرق کو اچھا سمجھنا اور مختلف نقاط نظر کو ہمدردی، احساس اور سمجھداری سے سننا
- خودمختاری، اپنی اصل شخصیت کے اظہار کی اہلیت اور آزادی اور خود ہمیں اور ہماری کمیونٹیوں کو متاثر کرنے والے معاملات میں خودمختارانہ فیصلے کرنا
- سب کے ساتھ مہربانی، احترام اور وقار ملحوظ رکھنے والا سلوک – بنیادی ضروریات پوری ہوں اور حقوق تسلیم کیے جاتے ہوں – اور ضرورتمندوں کی مدد کرنا
- امتیازی سلوک اور الگ چھوڑے جانے سے نجات
- انسانی تنوّع، سب کو شامل رکھنے اور سب کی نمائندگی کی حمایت
- ایک دوسرے کے ساتھ تعلق، کمیونٹی میں تعلقات کو تقویت دینا اور وسائل تک منصفانہ رسائی اور "اقدامات ممکن بنانے" کے لیے مل کر کام کرنا

CBCity کے سماجی انصاف کے اصول

ان تمام معلومات کی بنیاد پر، ہم نے جن سماجی انصاف کے اصولوں کی پیروی کا عہد کیا ہے، ان میں یہ شامل ہیں:

1. **انسانی حقوق** – ہم اپنے بنیادی انفرادی اور اجتماعی حقوق کو تسلیم کرتے ہیں اور ان کا احترام کرتے ہیں جن میں ہمارے خود ارادیت، شرکت اور معلومات کے انفرادی حقوق، اور نسل، صنف، جنسی رجحان، معذوری، عمر یا سماجی و معاشی حیثیت سے قطع نظر ہمارا وقار ملحوظ رکھے جانے کا اجتماعی حق شامل ہیں۔
2. **انصاف** – ہم چاہتے ہیں کہ سب کے ساتھ منصفانہ سلوک ہو اور سب کو انفراسٹرکچر، خدمات اور شرکت کے برابر مواقع حاصل ہوں۔ اس میں نہایت اہم یہ ہے کہ ہم سب کو وہ خدمات ملیں جن کی ہمیں سمجھے جانے اور مطمئن رہنے کے لیے ضرورت ہے۔
3. **رسائی اور شامل کیے جانا** – ہم چاہتے ہیں کہ کینٹربری بینکس ٹاؤن میں سب لوگ محسوس کریں کہ ان کا خیر مقدم کیا جاتا ہے اور وہ کمیونٹی کی زندگی تک آزادانہ رسائی، شرکت اور اس میں کردار ادا کرنے کے لیے آزاد ہیں اور ضرورت ہونے پر انہیں مدد اور سہارا مہیا ہے۔ سب کو شامل کرنے سے مراد یہ ہے کہ مختلف آوازوں اور تجربات کی قدر کی جاتی ہو اور ان کی روشنی میں ہماری کمیونٹی، خدمات، انفراسٹرکچر اور پروگرامز تشکیل دیے جاتے ہوں۔
4. **اختیار** – ہم چاہتے ہیں کہ سب لوگ خود کو ذاتی طور پر متاثر کرنے والے اور کمیونٹی کو متاثر کرنے والے فیصلوں میں حصہ لینے کی اہلیت اور اعتماد محسوس کریں۔ اختیار کا منبع تعلیم ہے یعنی لوگوں کو معلومات اور آگہی حاصل ہو۔ ایک حوصلہ مند کمیونٹی میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ مختلف خیالات اور تجربات کی نمائندگی کرے، فیصلہ سازی میں شریک ہو، انفرادی اور اجتماعی ضروریات کے لیے آواز اٹھائے اور کینٹربری بینکس ٹاؤن کو سماجی انصاف کی حامل کمیونٹی بنائے۔